# 18-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی ندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان کو چابیاں حوالہ کرنے کی تقریب کی صدارت کریں گے جیسا کہ یہ پروگرام جمعرات کو ضلع کوتہ گوڑم کے منڈل چندروگنڈہ کے موضع بنڈالم پاڑو میں منعقد کیا جائے گا۔

۲۔ ریاست بھر میں آج سردار سروائی پاپنا گوڑ مہاراج کی 375 ویں یوم پیدائش تقاریب بڑے پیمانے پر منعقد کی گئی۔

۳۔ جنم اشٹمی شوبھا یاترا کے دوران کل شب ضلع میڑچل ملکاجگری میں 5 افراد برقی شاک سے ہلاک ہو گئے۔ آئی ٹی کے وزیر نے تحقیقات کا حکم جاری کیا ہے۔

۴۔ محکمہ موسمیات کے دفتر نے تلنگانہ بھر میں مختلف مقامات پر آئندہ تین دن کے دوران شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

## EDUCATION

تلنگانہ حکومت نے ریاست بھر میں آنگن واڑی مراکز میں پرائمری تعلیم کو فروغ دینے کیلئے خصوصی اقدامات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ خواتین اور بہبود اطفال کی وزیر ڈاکٹر داناسری انوسویا سیتااکا کی ہدایت پر عہدیداروں نے ایسے آنگن واڑی مراکز کی نشاندہی شروع کی ہے جہاں بنیادی سہولتیں نہیں ہیں۔ اِس کے تحت حکومت نے 21 اضلاع میں 61 سرکاری اسکولی عمارتوں کی نشاندہی کی ہے جہاں بچوں کی تعداد صفر ہے۔ اِن اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سیتااکا نے کہا کہ ریاست کے آنگن واڑی مراکز میں پرائمری اسکولس اور پری پرائمری کی سطح پر فراہم کی جانے والی تعلیم کی ملک میں کہیں اور مثال نہیں ملتی۔ وزیر نے پری پرائمری تعلیم کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے یکم ستمبر کی تاریخ مقرر کی ہے۔

PAPANNA GOUD:

ریاست بھر میں آج سردار سروائی پاپنا گوڑ مہاراج کی 375 ویں یوم پیدائش تقاریب بڑے پیمانے پر منعقد کی گئی۔اصل پروگرام کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے انقلابی قائد کوخراج پیش کیا اور کہا کہ پاپنا گوڑ ایک گریٹ فائٹر تھے، جنہوں نے بہوجن سماج کی بنیادرکھی۔سی ایم نے کہا کہ پیشرو حکومت نے کیلاش پور قلعہ کونظر انداز کر دیا تھا تاہم انہوں نے اس بات کو دہرایا کہ اس قلعہ کوتاریخی سیاحتی مقام کے طور پر فروغ دیا جائے گا۔ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ سکریٹریٹ کے قریب پاپنا گوڑ کا مجسمہ نصب کیا جائے گا تاکہ آنے والی نسلوں کوتحریک مل سکے۔سماجی انصاف کیلئے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کواجاگر کرتے ہوئے سی ایم نے کہا کہ کانگریس نے سائنٹفک ذات پات کے سروے کے ذریعہ اپنا وعدہ پورا کیا ہے۔اِس سروے سے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ بہوجن طبقہ کی آبادی ریاست میں 56.33 فیصد ہے۔ریونت ریڈی نے اس موقع پر زور دے کر کہا کہ بی سی کے تحت مسلمانوں کے تحفظات کو 56 سال سے زائد عرصہ سے شامل رکھا گیا ہے جبکہ انہوں نے بی جے پی پر الزام عائد کیا کہ وہ مسلم تحفظات کے خاتمہ کے لئے کوشاں ہے۔ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ 42 فیصد تحفظات اور تعلیمی مواقع سے آنے والی نسلوں کو بااختیار بنایا جائیگا۔اس سے پہلے ریونت ریڈی نے ٹینک بینڈ پر واقع پاپنا کے مجسمہ پر بھومی پوجا کی۔

BJP - PAPANNA:

بی جے پی کے ریاستی یونٹ نے آج نامپلی میں واقع اپنے دفتر پر سردار پاپنا گوڑ کی یوم پیدائش تقریب کا اہتمام کیا۔پارٹی صدر رام چندر راؤ نے اس موقع پر ریاستی حکومت کے اس فیصلہ کی ستائش کی جس میں پاپنا گوڑ کا مجسمہ نصب کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی اس سلسلہ میں طویل عرصہ سے مطالبہ کررہی تھی۔

SEETHAKKA:

ریاستی پنچایت راج وزیر سیتا اکا نے عوام اور عہدیداروں سے اپیل کی ہے کہ اضلاع ملگ، محبوب آباد اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں آج انتہائی شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر چوکس رہیں۔ وزیر نے ایک بیان میں کہا کہ منگا پیٹ، ایتورواور تڑوائی میں پہلے سے ہی شدید بارش کی اطلاع ہے لہٰذا انہوں نے انتباہ دیا کہ سیلاب سے سنگین مسائل ہوسکتے ہیں۔ سیتا اکا نے عوام کو مشورہ دیا کہ شدید بارش کے دوران گھروں تک محدود رہیں۔ ان کے مطابق راحت اور بچاؤ آپریشنیں کرنے کیلئے فلڈ مینجمنٹ کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔

WEATHER:

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں آئندہ تین دن کے دوران مختلف مقامات پر شدید بارش ہوسکتی ہے۔ مرکز نے اضلاع جے شنکر بھوپال پلی، ملگ، کوتہ گوڑم اور محبوب آباد میں کہیں کہیں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران انتہائی شدید بارش کی پیش قیاسی کی وارننگ دیتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ اسی مدت کے دوران اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، کھمم، سوریہ پیٹ، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، سدی پیٹ، میدک، کاماریڈی، وقارآباد اور سنگاریڈی میں مختلف مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر و سابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس پارٹی پر الزام عائد کیا ہے کہ اس کے نظر انداز کرنے کے سبب بڑی صنعتیں تلنگانہ کو چھوڑ کر دوسری ریاستوں کو منتقل ہو رہی ہیں۔ آج ایک بیان میں کے ٹی آر نے اِس بات پر برہمی کا اظہار کیا کہ کینس تکنالوجی نے، جو ایک سیمی کنڈکٹر کمپنی

ہے، بی آر ایس کے دور میں 2800 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری اور 2 ہزار ملازمتیں فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا، اب اپنا پراجکٹ گجرات کو منتقل کر رہی ہے۔ کے ٹی آر نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایک کے بعد دوسری کمپنی ریاست کو چھوڑ کر جا رہی ہے تاہم اس کے باوجود وہ خاموش ہے۔

ELECTROCUTED:

جنم اشٹمی کے موقع پر ضلع میڑچل ملکاجگری میں سری کرشنا شوبھا یاترا کے اختتام پر کل شب رامنتا پور میں 5 افراد برقی شاک سے ہلاک ہوگئے۔ اِس واقعہ میں 4 دیگر شدید زخمی بھی ہوئے جنہیں مقامی دواخانہ میں شریک کروایا گیا ہے۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب متاثرین یاترا کی گاڑی کو آگے بڑھانے کی کوشش کر رہے تھے تبھی گاڑی کا ایک حصہ برقی تاروں سے ٹکرا گیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک کیس درج کرلیا ہے۔ اسی دوران رامنتا پور میں گوکل نگر میں اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب برہم افراد نے محکمہ برقی کے سی ایم ڈی مشرف فاروقی کے سامنے احتجاج کیا۔ فاروقی اِس واقعہ کی تفصیلات جاننے کے لئے وہاں پہنچے تھے۔ ریاستی آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے اِس واقعہ پر گہرے صدمہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اِس سلسلہ میں ضلع کلکٹر کی زیر نگرانی تفصیلی تحقیقات کی ہدایت دی گئی ہے۔ انہوں نے مہلوکین کے ورثا کیلئے فی کس پانچ لاکھ روپے ایکس گریشیا دینے اور زخمیوں کے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کا اعلان کیا ہے۔

GOVERNOR:

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج حیدرآباد کے سمسکر وتی، راج بھون کمیونٹی ہال میں معذور افراد کیلئے مفت میگا سرجیکل اور ہیلتھ کیمپ کا افتتاح کیا۔ یہ کیمپ انڈین ریڈ کراس سوسائٹی حیدرآباد شاخ کی جانب سے معذورین کے فاونڈیشن ٹرسٹ، ڈاکٹر ناری چیریٹیبل ٹرسٹ، اگروال سیوادل، روی ہاسپٹل اور دیگر اداروں کے مشترکہ تعاون سے منعقد کیا گیا ہے۔ گورنر نے اِس کیمپ کی ستائش کی۔ ریاستی وزیر لکشمی کمار نے یقین دلایا کہ معذور سرکاری ملازمین کو تمام تر سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔

AIRPORT:

جے ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایر پورٹ لمیٹڈ (جی ایچ آئی اے ایل) نے ورچول انفارمیشن کیوسکس اور انٹرایکٹیوٹرمینل میاپ شروع کیا ہے تاکہ مسافرین کو حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ پر سیم کارڈ کے بغیر سفر کا تجربہ فراہم کیا جاسکے۔ 10 کیوسکس چیکنگ ہالوں میں نصب کئے گئے ہیں۔ جن سے طیاروں کے اصل اوقات، بین الاقوامی مسافرین کو وائیفائی کی سہولت، ایمرجنسی مدد اور فوری طور پر اپنی رائے دینے کی سہولت رہے گی۔

INDIRAMMA:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، تلنگانہ میں اندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان کو چابیاں حوالہ کرنے کی تقریب کی صدارت کریں گے جیسا کہ یہ پروگرام جمعرات کو ضلع کوتہ گوڑم کے منڈل چندروگنڈہ کے موضع بنڈالم پاڑو میں منعقد کیا جائے گا۔ ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی نے کہا کہ سی ایم، موضع کے استفادہ کنندگان میں 27 مکانات کی چابیاں شخصی طور پر حوالہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ غریبوں کا طویل عرصہ سے زیرالتوا ٔخواب پورا ہونے جارہا ہے۔

CRECHE:

ریاستی پنچایت راج وزیر سیتااکا نے آج ضلع ملگ کے موضع جگنا پیٹ میں ڈے کیر کریچ سنٹر کا افتتاح کیا جو محکمہ خواتین و بہبود اطفال کی جانب سے قائم کیا گیا ہے۔ ریاست میں یہ اپنا نوعیت کا پہلا مرکز ہے۔ سیتااکا نے کہا کہ مناسب مراکز کے نہ ہونے سے کئی خواتین کو روزگار حاصل کرنے میں مشکلات پیش آتی تھیں، اسی لئے مرکز کی پالنا اسکیم کے تحت یہ مرکز شروع کیا گیا ہے۔

Sound Byte.

OO